مطبوعات

الاحباء مُدیرِ اعلیٰ: چوہدری نذیر احمد خان۔ مقامِ اشاعت:۔ دفتر الاحباء، ۱۱ ڈونگہ سنگھ بلڈنگ شارع قائدِ اعظم، لاہور۔ پاکستان۔ قیمت سالانہ دس روپے۔ فی پرچہ ۳ روپے۔
غیر ملکی خریداروں کے لیے ایک پونڈ اور دس شلنگ یا ۵ ڈالر۔

زیرِ تبصرہ مجلہ اتحاد عالمِ اسلامی کی علمبردار تنظیم فرینڈز آف دی مسلم ورلڈ کا سرکاری ترجمان ہے۔ یہ دو حصوں پر مشتمل ہے۔ حصہ انگریزی اور حصہ عربی۔ انگریزی حصے میں ڈاکٹر ایس۔ اے رحمان، چوہدری محمد علی، ایئر مارشل اصغر خان، چوہدری نذیر احمد، میاں منظر بشیر اور چوہدری کرم الٰہی بدر نے دنیائے اسلام میں اتحاد کے موضوع پر مختلف زاویوں سے اظہارِ خیال کیا ہے۔ حصہ عربی میں مفتی سید امین الحسینی اور مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی کے مضامین شامل ہیں جو اسی موضوع سے بحث کرتے ہیں۔ پرچے کا انداز بڑا علمی اور سنجیدہ ہے۔ اس سہ ماہی مجلے کا اتحاد عالمِ اسلامی کے مقدس مقصد کی تکمیل کے لیے اجراء، ہر لحاظ سے قابلِ قدر سعی ہے۔

کتابت اور طباعت کا معیار عمدہ ہے۔

علوم القرآن تالیف: جناب ڈاکٹر صبحی صالح صاحب۔ لبنان۔ ترجمہ: مولانا غلام احمد حریری ایم۔ اے قیمت کاغذ سفید ۱۵ روپے۔ نیوز پرنٹ دس روپے۔ صفحات ۴۸۴۔ ناشر: ملک برادرز کارخانہ بازار لائل پور۔

کتاب کے مصنف اور مترجم دونوں کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ انہی صفحات میں ان کی قابلِ قدر تصنیف علوم الحدیث کا تعارف پیش کیا جا چکا ہے۔ زیرِ تبصرہ کتاب کا اسلوب اور انداز بالکل اس سے ملتا جلتا ہے۔ فاضل مصنف نے قرآن حکیم کے بعض بنیادی حقائق، مثلاً حقیقتِ وحی، جمع و تدوینِ قرآن، علوم القرآن، ارتقاءِ تفسیر اور اعجاز القرآن کے بارے میں جدید طرز پر بڑی مستند معلومات فراہم کر دی ہیں۔ اس کتاب کا